# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | منگل 09 اپریل 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55250 |
| ملازمین کا اندراج | 53881 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20735 |
| گمشدگی / برآمدہ | 05 |
| جنرل ویریفکیشن | 94610 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 63 |
| گرفتار ملزمان | 43 |
| یکسو چالان | 72 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 6683 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 06 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2239 |
| سنگین خلاف ورزی | 1739 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 4573 |
| بوگس کال | 3979 |
| ایمرجنسی رسپانس | 311 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 10 منٹ |

## ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز کی زیر صدارت وفاقی دارلحکومت میں چاندرات اور عیدالفطر کے حوالے سے خصوصی اجلاس کا انعقاد ہوا

ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز حسن رضا کی زیر صدارت وفاقی دارلحکومت میں چاندرات اور عیدالفطر کے مواقع پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اجلاس کا انعقاد ہوا، اجلاس میں تمام ڈویژنز کے سینئر پولیس افسران نے شرکت کی، اجلاس میں چاندرات اور عیدالفطر کے موقع پر سکیورٹی ڈیوٹی کے ساتھ عیدالفطر کی چھٹیوں کے دوران فول پروف سکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا، خصوصی پلان کے مطابق 2500 سے زائد پولیس افسران وجوان اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں گے، عید کی شاپنگ کے لیے تجارتی مراکز اور شہر کی مختلف مارکیٹوں میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کی گئی ہے، جبکہ ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لیے اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جامع ٹریفک اور اسپیشل پٹرولنگ پلان ترتیب دیا ہے اس پلان کے مطابق تمام تھانہ جات کی گاڑیاں ، فالکن اپنے اپنے علاقوں میں پٹرولنگ کریں گی، علاوہ ازیں شہر کے مختلف تفریحی مقامات میں خصوصی سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں، عبادت گاہوں کے راستوں کے نزدیک پارکنگ کی ہرگز اجازت نہ ہوگی، شہر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں کی سخت چیکنگ کی جائے گی، بذریعہ بم ڈسپوزل سکواڈ مختلف اہم مقامات کی چیکنگ کو یقینی بنایا جائے گا، اسلام آباد کے مختلف سیکٹرز اور دیہی علاقوں میں گشت کے لیے خصوصی ٹیمیں بھی مقرر کرنے کی ہدایات کی گئیں ہیں، اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز حسن رضا نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات کے مطابق تمام پولیس افسران سکیورٹی کو مزید سخت کریں، اہم مقامات وتنصیبات پر سکیورٹی کو مزید موثر بنایا جائے، کسی بھی وقوعہ کی صورت میں فوراً تمام حالات کو پرامن طریقے سے قابو کریں، اس سلسلہ میں شہریوں سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے متعلق مقامی پولیس، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 اور آئی سی ٹی 15 ایپ پر اطلاع کریں، شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## دوسرے اپر کورس، 12 ویں انٹرمیڈیٹ کورس اور 21 ویں لوئر کورس کی پاسنگ آؤٹ کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد



اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے دوسرے اپر کورس، 12 ویں انٹرمیڈیٹ کورس اور 21 ویں لوئر کورس کی پاسنگ آؤٹ کے سلسلے میں پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں کیپیٹل پولیس آفیسر لاء اینڈ آرڈر/ کمانڈنٹ کیپیٹل پولیس کالج شاکر حسین داوڑ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر ایس ایس پی لاء اینڈ آرڈر/ ڈپٹی کمانڈنٹ کیپیٹل پولیس کالج ، ڈی ایس پی کیپیٹل پولیس کالج، سول سٹاف اور پاس آؤٹ ہونے والے افسران و جوان موجود تھے، سی پی او لاء اینڈ آرڈر/ کمانڈنٹ کیپیٹل پولیس کالج نے ٹریننگ کورسز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران وجوانوں میں انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کئے، انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ تمام افسران وجوانوں نے محکمانہ ترقی کے لئے جاری محکمانہ کورسز کامیابی سے مکمل کر لئے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ میرے لئے یہ بات باعث مسرت ہے کہ میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی پاسنگ آؤٹ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوا ہوں، میں کمانڈنٹ کیپیٹل پولیس کالج کو افسران و جوانوں کو بہترین تربیت کی تکمیل پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جنھوں نے کم سے کم وقت میں افسران و جوانوں کو بہترین تربیت دی ، مزید انہوں نے کہا کہ آپ خوش قسمت ہیں جن کو اللہ تعالی نے عوام کی بھلائی کے لئے موقع فراہم کیا آپ ذہن نشین کر لیں کہ ہم سب عوام کے خادم ہیں نا کہ عوام ہمارے خادم ،یقین جانیں جتنا سکون کسی کی خدمت میں ملتا ہے کسی اور کام میں نہیں، آپ لوگوں کے ساتھ بھلائی کریں، کوئی وجہ نہیں کہ آپ کو عزت نہ ملے، سچے دل کے ساتھ آج یہ عہد کریں کہ انسانی خدمت کو اپنا شعار بنائیں گے قانون کی پاسداری کرتے ہوئے عوام کو بلاتفریق انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے ،شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہمارا اولین فرض ہے ان کو عزت دینا ،مسائل حل کرنا ہماری ترجیحات ہونی چاہیے اور مجھے یقین ہے کہ آپ نے دوران ٹریننگ جو تربیت حاصل کی ہے اب عملی طور پر اپنی سروسز کو بروئے کار لائیں گے، میں توقع کرتا ہوں کہ آپ اپنی اس فرض شناسی کی عملی روایات کو بدستور قائم رکھیں گے اور اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے اپنے اور محکمہ پولیس کے لئے نیک نامی کا باعث بنیں گے، انھوں نے مزید کہا کہ کیپیٹل پولیس کالج کو مزید اپ گریڈیشن اور پولیس ٹریننگ کو جدید طرز پر استوار کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے عید کے موقع پر مارکیٹوں میں سکیورٹی اور پیشہ ور بھکاریوں کے حوالے سے عوام الناس کے لئے پیغام جاری کر دیا



ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس ( ڈی آئی جی ) آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے عید کے موقع پر مارکیٹوں کی سکیورٹی اور پیشہ ور بھکاریوں کے حوالے سے عوام الناس کے لئے اہم پیغام جاری کر دیا، اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پولیس کی اولین ترجیح عوام کی جان، مال اور عزت کی حفاظت کرنا ہے، بھکاریوں کی حوصلہ شکنی کے لئے انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ وہ بھکاریوں کو اپنے صدقات اور خیرات نہ دیں، شہری اپنے صدقات ،خیرات اور مالی امداد رفاعی اداروں میں جمع کروائیں، شہری پیشہ ور بھکاریوں کے متعلق اطلاع "پکار-15" یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر دیں، اسی طرح عید کے موقع پر تجارتی مراکز اور مارکیٹوں میں دوران خریداری اگر کو آپ کو ہراساں کرتا ہے اور سکیورٹی کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش آتا ہے تو شہری اس کی اطلاع بھی پولیس کو دیں، اسلام آباد پولیس کے خصوصی دستے تجاری مراکز اور مارکیٹوں میں گشت پر تعینات ہیں، اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح عوام کی جان ،مال اوران کی عزت کی حفاظت کرنا ہے۔

## گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے کل 03 ہزار 271 مشکوک افراد، موٹرسائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی

جن میں 890 مشکوک افراد اور 2,381 موٹرسائیکل شامل ہیں، جبکہ 13 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 50 موٹرسائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی ہے۔

# وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں

**اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 13 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 13 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ شالیمار پولیس نے ملزم محمد وحید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1,050 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے ملزم مدثر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ گولڑہ پولیس نے ملزم واقب جاوید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 520 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ سنبل پولیس نے دو ملزمان شیر علی اور سجاد علی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2,620 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم نعیم خان کو گرفتار کر کے اس




کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ نون پولیس نے ملزم حبیب الرحمن کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ شمس کالونی پولیس نے ملزم حسیب کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، جبکہ غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے پر ملزم عامر سہیل کو گرفتار کرلیا، تھانہ کھنہ پولیس نے غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے پر ملزم محمد شفاعت کو گرفتار کرلیا، تھانہ سہالہ پولیس نے ملزم عدن عمران کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ پھلگراں پولیس نے ملزم حمید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 200 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم محمد مہتاب کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15 "یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیموں نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد کرلیا گیا، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب افغانی گروہ کے اہم کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزم کی شناخت حمید کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد




وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت محمد ارباب اور گل زیب کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن" پکار–" 15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ ایک ماہ کے دوران ڈکیتی، راہزنی، نقب زنی، چوری اور کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 104 گروہوں کے 246 ارکان کی گرفتاری عمل میں لائی

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 12 کروڑ 04 لاکھ روپے سے زائد کی مسروقہ گاڑیاں، موٹر سائیکل، نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون برآمد، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے بتایا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران ڈکیتی، راہزنی، نقب زنی، چوری اور کار و موٹر سائیکل چوری کی مختلف وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں عمل میں لاتے ہوئے 104 گروہوں کے 246 ارکان کو گرفتار کیا، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیموں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے ڈکیتی اور راہزنی کی مختلف وارداتوں میں ملوث 45 گروہوں کے 111 ارکان، نقب زنی میں ملوث 07 گروہوں کے 15 ارکان، چوری کی وارداتوں میں ملوث 25 گروہوں کے 58 ارکان، کار چوری میں ملوث 08 گروہوں کے 24 ارکان، جبکہ موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 19 گروہوں کے 38 ارکان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 12 کروڑ 04 لاکھ سے زائد مالیت کی مسروقہ گاڑیاں، موٹر سائیکل، نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون برآمد کرلیے گئے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہری ایمرجنسی ہیلپ لائن" پکار–" 15 یا" آئی سی ٹی ایپ"15 پر فوری اطلاع کریں۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ سہالہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن



ایس ایس پی انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ سہالہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 70 گھروں، 08 گاڑیوں، 14 موٹر سائیکلوں اور 120 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

## رواں سال ہوٹل آئی سافٹ ویئر میں 3 لاکھ 81 ہزار سے زائد افراد کے کوائف کا اندراج کیا گیا

اسلام آباد کیپیٹل پولیس سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی روک تھام، موثر سکیورٹی اور نگرانی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، سیف سٹی اسلام آباد میں ہوٹلز، گیسٹ ہاؤسز اور کرایہ کے مکانوں میں رہائش پزیر افراد کی شناخت اور انکے کوائف کے اندراج کیلئے تمام تھانہ جات کو ہوٹل آئی اور کرایہ داری اندراج سافٹ ویئر مہیا کئے گئے ہیں جو کہ مکمل فعال اور موثر انداز میں کام کر رہے ہیں، رواں سال ہوٹل آئی سافٹ ویئر میں 3 لاکھ 81 ہزار 716 افراد کے کوائف کا اندراج جبکہ کرایہ داری اندراج سافٹ ویئر میں 23 ہزار 363 افراد کے کوائف کا اندراج کیا گیا اور مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب 7 ملزمان کو گرفتار کر کے متعلقہ تھانہ جات میں منتقل کیا گیا، کیپیٹل پولیس آفیسر سیف سٹی/ٹریفک نے کہا کہ شہر بھر کے تمام داخلی اور خارجی راستے، ریڈ زون، اہم عوامی مقامات اور مارکیٹس کی مانیٹرنگ سیف سٹی کے جدید کیمروں سے کی جا رہی ہے اور خصوصی چیک پوسٹ بھی موثر مانیٹرنگ کے لئے لگائی گئی ہے، شہر کی فضائی نگرانی کے لئے سیف سٹی کے جدید ڈرونز کے ذریعے نگرانی کی جا رہی ہے، بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی شناخت کو سیف سٹی کے کیمروں کی مدد سے یقینی بناتے ہوئے ای چالان جاری کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر میں امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال عمل میں لا رہی ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات اٹھا رہی ہے۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | TUESDAY APRIL 09, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 4573 |
| Hoax Call | 3979 |
| Emergency Response | 311 |
| Minimum Response Time | 02 Min |
| Maximum Response Time | 10 Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 2239 |
| Major Violation | 1739 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | ---- |
| Learner Permit | ---- |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 63 |
| Accused Arrested | 43 |
| Challan Submitted in Court | 72 |
| Stop & Search | 6683 |
| P.O / C.O Arrested | 06 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 55250 |
| Employee Registration | 53881 |
| Vehicle Verification | 20735 |
| Lost & Found Reports | 05 |
| General Verification | 94610 |

# Foolproof security arrangement to be ensured; DIG Headquarters

According to the details, the DIG Headquarters Islamabad Hassan Raza presided over an important meeting regarding the security arrangements in Islamabad on the occasion of Eid-ul-Fitr, a public relations officer said. He said that, the meeting was attended by all divisional senior police officials. A foolproof security plan has been finalized for the Eid-ul-Fitr. According to the security plan, more than 2500 police officers and officials will perform security duties on the occasion of Eid-ul-Fitr in Islamabad. Additional police personnel have been deployed in the commercial centers and various markets of the city for public safety, while the Islamabad Capital Police has implemented a joint traffic and special patrolling plan to keep the smooth flow of traffic on capital roads. Moreover, all the vehicles of police stations and falcons would patrol in their respective areas. Special security arrangements have been made for various public and worship places. Parking will not be allowed near the worship places, strict checking of all entrances and exits of the city will be done, checking of various important places will be ensured through the Bomb Disposal Squad. DIG Headquarters Hassan Raza also directed the officials to deploy special teams for patrolling in different sectors and rural areas of Islamabad. The police officers should tighten the security arrangements, and the security should be made more effective at important places and installations. In case of any emergency, swift control of all situations should be done in a peaceful manner. Citizens are urged to cooperate with police and to report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via the “ICT-15"app for immediate assistance.

# Ceremony held for passed-out departmental promotion courses officials



According to the details, a ceremony was held in honor of the second Upper Course, 12th Intermediate Course, and 21th Lower Course passed out by officials at Police Lines Headquarters Islamabad, a public relations officer said. He said that, the ceremony was attended by Capital Police Officer (CPO) Law and Order/ Commandant Capital Police College Shakir Hussain Dawar, while high-ranking officials, including the SSP Law and Order/Dy. Commandant Capital Police College, DSP Capital Police College and other staff members. During the ceremony, the CPO Shakir Hussain Dawar distributed awards and certificates to the deserving officers and cadets who demonstrated exceptional performance during the training courses. Addressing the ceremony, CPO Shakir Hussain Dawar praised the dedication and hard work of the officers and cadets who had completed the training courses successfully. He urged them to perform their duties with diligence, dedication, and a commitment to serving the community. CPO expressed his delight at being part of the Islamabad Capital Police passing out ceremony and congratulated Capital Police College for providing top-notch training to officers and cadets in record time. He emphasized the significance of public service and encouraged the attendees to uphold the high values of law enforcement. He said, "You are fortunate to have been given the opportunity by Allah to serve the community. Remember that the true honor comes from serving the people. Upholding the law, ensuring justice, and safeguarding the lives and properties of citizens are our primary responsibilities. Show respect to the public, and there will be no reason left why you should not receive respect in return.” he added. CPO Shakir Hussain Dawar also expressed that the skills learned during the training would be put into practice, making officers and cadets valuable assets to the police force and the community. He also emphasized the need to modernize and strengthen the training programs at Capital Police College.

## Citizens urged to discourage professional beggars



According to the details, the Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari issued an important message to the general public regarding the security of markets and professional beggars on the occasion of Eid. In his message, he stated that the Islamabad Capital Police's top priority is to protect the lives, property, and dignity of the public. Citizens are urged to discourage the professional beggars and not to give their charity to beggars and instead, give the charity and financial assistance to relief organizations. He further said that, citizens should report information about professional beggars on the emergency helpline "Pucar-15" or via the "ICT-15" app. Similarly, if there are any issues during shopping in commercial centers and markets that harass you or pose security concerns, citizens should inform the police immediately, he added.

# 13 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 13 outlaws from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Shalimar police team arrested an accused namely Muhammad Waheed and recovered 1,050 gram hashish from his possession. The Ramna police team arrested an accused namely Mudassir and recovered 520 gram hashish from their possession. Likewise, the Golra police team arrested an accused namely Waqib Javed and recovered 520 gram heroin from his possession. The Sumbal police team




Ali, and Sajjad Ali and recovered 2620 gram heroin from their possession. Similarly, the Industrial Area police team arrested an accused namely Naeem Khan and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Noon police team arrested an accused namely Habib-ur-Rehman and recovered 20 liters of liquor from his possession. Moreover, the Shams Colony police team arrested an accused namely Haseeb and recovered one 30 bore pistol from his possession. While a police team also arrested an accused namely Aamir Sohail involved in illegally selling petrol. The Khanna police team arrested an accused namely Muhammad Shafaat involved in illegally selling petrol. Furthermore, the Sihala police team arrested an accused namely Adan Imran and recovered one 30 bore pistol from his possession. The phulgran police team arrested an accused namely Hameed and recovered 200 gram heroin from his possession. The Bhara Kahu police team arrested an accused namely Muhammad Mehtab and recovered one 30 bore pistol from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.

# Three wanted members of two snatcher gang held; motorbike and weapons recovered

Islamabad Capital Police Industrial Area and Karachi Company police team arrested three wanted members of two notorious snatcher gangs involved in numerous criminal activities and recovered a motorbike and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Industrial Area police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of the snatcher gang. The accused was identified as Hameed. Police team also recovered a motorbike used in crime from his possession. Moreover, the Karachi Company police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of the snatcher gang. The accused were identified as Muhammad Arbab and Gul Zaib. Police team also recovered weapons used in crime from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG




Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and to ensure the safety of lives and property of citizens on priority basis. Citizens are urged to cooperate with police and to report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via “ICT-15"app for immediate assistance.

# 246 members of 104 criminal gangs arrested; valuables worth Rs 12.4 million recovered

According to the details, the DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari said that, the Islamabad Capital Police has initiated indiscriminate crackdown against criminal gangs involved in heinous crime, a public relations officer said. He said that, the Islamabad Capital Police arrested 246 members of 104 criminal gangs during the last months and recovered valuables worth Rs 12.4 million from their possession. The arrested gangs were involved in robbery, dacoity, snatching, theft and vehicle lifting activities. During the crackdown, the Islamabad Capital Police utilized all technical and human resources and succeeded in apprehending 111 members of 45 gangs involved in dacoity and snatching activities. 15 members of 07 gangs involved in house robbery activities. 58 members of 25 gangs involved in theft activities. Moreover, 24 members of 08 gangs involved in car lifting activities, 38 members of 19 bike lifter gangs were also arrested. The Islamabad Capital Police also recovered stolen valuables worth Rs 12.4 million from the nabbed accused. DIG Operations said that, the Islamabad Capital Police is taking all possible measures to protect the life and property of the citizens, no criminal element will be allowed to disturb the peace of the people. Citizens are urged to cooperate with police and to report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via “ICT-15"app for immediate assistance.

## Islamabad Capital Police's hotel eye software is fully operational and effective

According to the details, the Safe City Command and Control Center is playing a vital role in crime prevention, effective security, and surveillance throughout the city, a public relations officer said. He said that, the hotel eye and tenant registration software have been provided to all police stations for the registration of individuals staying in hotels and guest houses, which are fully operational and working effectively. During the current year 2024, the Hotel Eye software has registered the details of 3,81,716 individuals, while the Tenant Registration software has registered the details of 23,363 individuals. Furthermore, the Islamabad Capital Police have arrested 07 wanted criminals and transferred them to the respective police stations. In addition, a total of 733 hotels, guest houses, and shelter homes are connected to the online system of Islamabad Capital Police. The CPO Safe City/Traffic stated that comprehensive monitoring is being carried out through the Safe City's cameras on all entry and exit routes, red zones, important public places, and markets, with special check posts set up for effective monitoring. Additionally, spatial surveillance of the city is being conducted through Safe City's drones, ensuring the identification of vehicles without number plates and motorcycles with the help of Safe City cameras, leading to the issuance of e-challans. He mentioned that Islamabad Capital Police is actively utilizing modern technology to maintain peace and security in the city, taking all necessary measures to ensure the protection of the lives and property of citizens. The hotel eye software not only efficiently registers the data of individuals but also proves extremely useful in identifying individuals involved in serious crimes.

# Search and combing operation conducted at Sihala Police Station jurisdiction

Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Sihala police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of SSP Counter Terrorism Department Islamabad, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Sihala police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 120 suspicious persons, 70 houses, 14 motorcycles and 08 vehicles were thoroughly checked. SSP CTD Islamabad said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking.



# Over 2,64,147 e-challan tickets issued through safe city cameras

Islamabad Capital Police safe city e-challan system has issued over 2,64,147 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, the Islamabad Capital Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Capital Police have issued 62 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,64,147 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers.

# Pucar-15 helpline received 3,979 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 4,573 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 4,573 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,979 calls were hoax and irrelevant to police which make up 87% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police

**Islamabad Police** @ICT_Police

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے رات گئے جناح سپر مارکیٹ اور ایف ٹن مرکز کی مارکیٹوں کا اچانک دورہ کیا۔

پولیس اہلکاروں کی ڈیوٹی کا جائزہ لیا اور خریداری کیلئے آئے شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے شہریوں سے آراء و تجاویز لیں۔

#ICTP #IslamabadPolice

Translate post



4:52 am · 08 Apr 24 · **3,083** Views

**Islamabad Police** @ICT_Police

عیدالفطر کے موقع پر اپنے آبائی علاقوں میں جانے والے شہری اپنا گھر چھوڑنے سے پہلے ضروری احتیاطی تدابیر ضرور اختیار کریں تاکہ آپ کے گھر اور سامان کی حفاظت کو یقینی بنانے میں مدد ہو سکے۔

اپنی غیر موجودگی کی تشہیر نہ کریں۔ بھروسہ مند پڑوسیوں اور پولیس اسٹیشن میں مطلع کریں۔ قیمتی اشیاء کو محفوظ جگہ پر رکھیں۔ مزید جانئے اس ویڈیو میں 👇

#ICTP #EidAlFitr2024

Translate post



**Islamabad Police** @ICT_Police

اسلام آباد کیپیٹل پولیس بائی سیکورٹی زون اور ضلع بھر میں کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف کاروائی عمل میں لا رہی ہے۔

شہریوں سے گزارش ہے کہ گاڑیوں پر کالے شیشوں کے استعمال سے گریز کریں اور قانون کی پاسداری کریں۔

#ICTP #SDI #Islamabad

Translate post



2:54 pm · 08 Apr 24 · **158** Views

**1** Repost **2** Likes